# [TO BE INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

A

**Bill**

*to amend the Press Council of Pakistan Ordinance, 2002*

**WHEREAS** it is expedient to amend the Press Council of Pakistan Ordinance, 2002 (XCVII of 2002), in the manner and for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title and commencement.**- (1) This Act shall be called the Press Council of Pakistan (Amendment) Act, 2023.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of section 8, Ordinance XCVII of 2002.** -- In the Press Council of Pakistan Ordinance, 2002 (XCVII of 2002), in section 8, in sub-section (1), in clause (xiii), for the word "Government", the word "secretary of the division to which business of the council stands allocated" shall be substituted.

*********

Subject: **STATEMENT OF OBJECTIVE AND REASONS**

In the light of Supreme Court's decision in Mustafa Impex Case, the Federal Cabinet, in Case No. 419/19/2017 dated 08-09-2017, directed that all Ministries/Divisions, in consultation with the Law and Justice Division, shall make amendments in respective Acts/Ordinances/Rules and replace the word "Federal Government" with appropriate authority(ies). The Federal Cabinet reiterated its earlier directions in Cases No. 241/15/2018 dated 12-04-2018 and No. 64/05/2022 dated 15-02-2022.

2. It is informed vide Cabinet Division's Memorandum No.5/5/2023-Progress-II, dated 26th May, 2023 that the case of amendments in Press Council Of Pakistan Ordinance, 2002 to replace the word "Federal Government" with other appropriate authority(ies) has been ratified by Federal Cabinet in Case No. 89/20/2023, dated 19-05-2023.

**Minister-In-Charge**

[قومی اسمبلی میں پیش کرنے کے لئے]

# پریس کونسل پاکستان آرڈیننس، ۲۰۰۲ء

# میں ترمیم کرنے کا بل

ہرگاہ کہ یہ قرین مصلحت ہے کہ پریس کونسل پاکستان آرڈیننس، ۲۰۰۲ء (۹۷ مجریہ ۲۰۰۲ء)، میں ایسے طریقہ کار میں اور بعدازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لیے ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) یہ ایکٹ پریس کونسل پاکستان (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۳ء کہلائے گا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **آرڈیننس نمبر ۹۷ مجریہ ۲۰۰۲ء کی، دفعہ ۸ کی ترمیم:۔** پریس کونسل پاکستان آرڈیننس ،۲۰۰۲ء (نمبر ۹۷ مجریہ ۲۰۰۲ء)، میں، دفعہ ۸، میں ذیلی دفعہ (۱) میں، شق (۱۳) میں، لفظ ''حکومت''، لفظ ''ڈویژن کا سیکرٹری جسے کونسل کے اُمور متعین کیے گئے ہوں'' سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

موضوع:۔ **بیان اغراض و وجوہ**

مصطفیٰ امپیکس مقدمے میں عدالت عظمیٰ کے فیصلے کی روشنی میں، وفاقی کابینہ نے کیس نمبر ۲۰۱۷ء/۱۹/۱۹/۴ بتاریخ ۲۰۱۷/۰۹/۰۸ میں ہدایت دی ہے کہ تمام وزارتیں/ڈویژنز، قانون و انصاف ڈویژن کی مشاورت سے، متعلقہ ایکٹس/آرڈیننسز/قواعد میں ترامیم کریں گی اور لفظ ''وفاقی حکومت'' کو مناسب اتھارٹی (یز) سے تبدیل کریں گی۔ وفاقی کابینہ نے کیس نمبر ۲۰۱۸ء/۱۵/۲۴۱ بتاریخ ۲۰۱۸ء۔۰۴۔۱۲ اور نمبر ۲۰۲۲ء/۰۵/۶۴ بتاریخ ۲۰۲۲ء۔۰۲۔۱۵ میں اپنی سابقہ ہدایات کا اعادہ کیا ہے۔

۲۔ کابینہ ڈویژن کی یاداشت نمبر ۲۳/۵/۵۔ پروگریس۔ II، بتاریخ ۲۶ مئی ۲۰۲۳ء کے توسط سے مطلع کیا جاتا ہے کہ پریس کونسل پاکستان آرڈیننس ۲۰۰۲ء میں ترامیم کے معاملے میں لفظ ''وفاقی حکومت'' کو دیگر مناسب اتھارٹی (یز) کے ساتھ تبدیل کرنے کے لیے وفاقی کابینہ نے کیس نمبر ۲۰۲۳ء/۲۰/۸۹ بتاریخ ۲۰۲۳ء۔۰۵۔۱۹ میں توثیق کی ہے۔

وزیر انچارج